[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

*further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 (XXXV of 1973) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.** - (1) This Bill may be called the Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come in to force at once.

**2. Insertion of new Chapter VIII-A, Act, No. XXXV of 1973.**- In the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 (XXXV of 1973), after Chapter VIII, the following new "Chapter VIII-A," shall be inserted namely: -

**"CHAPTER VIII-A**

**56-A. Elections of Tehsil Bar Associations and District Bar Associations. -** (1) The term of office for the elected representatives of the Tehsil Bar Associations and the District Bar Associations shall be two years.

(2) The election campaign for the Tehsil Bar Associations and the District Bar Associations shall not commence prior to the first day of November of the election year.

(3) The elections of the Tehsil Bar Associations and the District Bar Associations shall be conducted on the first Saturday of December of the election year, and the oath-taking ceremony of the elected office-bearers shall be held on the first working day of January immediately following the elections.

**56-B. Elections of the High Court Bar Association.** (1) The term of office for the elected representatives of the High Court Bar Association shall be two years.

(2) The election campaign for the High Court Bar Association shall not commence earlier than the first day of November of the election year.

(3) The elections of the High Court Bar Association shall be held on the second Saturday of December of the election year, and the oath-taking ceremony of the elected office-bearers shall be conducted on the first working day of January immediately following the elections.

**56-C. Elections of the Supreme Court Bar Association.** (1) The term of office for the elected representatives of the Supreme Court Bar Association shall be one year.

(2) The election campaign for the Supreme Court Bar Association shall not commence earlier than the first day of September of the election year.

(3) The elections of the Supreme Court Bar Association shall be held on the second Saturday of October of the election year, and the oath-taking ceremony of the elected office-bearers shall be conducted on the first working day of November immediately following the elections."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The legal profession serves as the backbone of the justice system, and its representative bodies-namely the Bar Associations-play a pivotal role in upholding the rule of law, safeguarding the independence of the judiciary, and promoting democratic values within the legal community. In order to ensure transparency, uniformity, and accountability in the electoral processes of Bar Associations at various tiers, it is imperative to codify a clear, standardized framework governing the timing, tenure, and procedures of their elections.

This legislative initiative aims to streamline the electoral timelines for the Tehsil Bar Associations, District Bar Associations, High Court Bar Associations, and the Supreme

Court Bar Association, while aligning them with their respective operational dynamics and historical practices. The proposed Sections 56-A, 56-B, and 56-C are designed to

1. Establish Certainty and Predictability: By specifying the duration of terms and fixed dates for the commencement of election campaigns, election days, and oath-taking ceremonies, the provisions ensure a predictable and orderly transition of leadership within each Bar Association.

2. Promote Democratic Governance within Legal Institutions: Regular elections and time-bound terms will foster a culture of democratic engagement, encourage wider participation of the legal fraternity in leadership roles, and prevent monopolization of offices.

3. Enhance Institutional Efficiency and Stability: A uniform electoral calendar across all tiers of Bar Associations will facilitate synchronized planning, enable better coordination among Bar Councils, and reduce conflicts or ambiguities surrounding election management.

4. Preserve the Unique Character of Each Bar Association: While standardizing key electoral milestones, the draft provisions also recognize and respect the distinct operational scope of each Bar Association, such as the one-year term traditionally observed by the Supreme Court Bar Association.

The enactment of these provisions shall not only fortify the internal democratic structure of legal representative bodies but also reinforce public confidence in the legal profession by ensuring that its leadership is chosen through a transparent, timely, and accountable process. Moreover, it is necessary to save the time and money of the all-stake holders including Lawyers, Courts and Litigants as well.

The Bill seeks to achieve above objectives.

**SD/-**
**MR. RIAZ FATYANA**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ ۲۰ جنوری ۲۰۲۵ء]

## وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۵ مجریہ ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) بل ہذا وکلاء اور بار کونسلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء، نئے باب VIII/الف کی شمولیت۔** وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۳۵ مجریہ ۱۹۷۳ء) میں، باب VIII کے بعد حسب ذیل نیا باب VIII/الف کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"باب VIII۔الف

۵۶۔الف۔ **تحصیل بار ایسوسی ایشنز اور ضلعی بار ایسوسی ایشنز کے انتخابات۔** (۱) تحصیل بار ایسوسی ایشنز اور ضلعی بار ایسوسی ایشنز کے منتخب نمائندگان کی مدتِ عہدہ دو سال ہوگی۔

(۲) تحصیل بار ایسوسی ایشنز اور ضلعی بار ایسوسی ایشنز کے لیے انتخابی مہم سالِ انتخاب کی یکم نومبر سے قبل شروع نہیں کی جائے گی۔

(۳) تحصیل بار ایسوسی ایشنز اور ضلعی بار ایسوسی ایشنز کے انتخابات سالِ انتخاب کے دسمبر کے پہلے ہفتہ کو منعقد ہوں گے، اور منتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب انتخابات کے فوراً بعد جنوری کے پہلے سرکاری کام کے دن منعقد کی جائے گی۔

۵۶۔ب۔ **ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات۔** (۱) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے منتخب نمائندگان کی مدتِ عہدہ دو سال ہوگی۔

(۲) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے لیے انتخابی مہم سالِ انتخاب کی یکم نومبر سے پہلے شروع نہیں کی جائے گی۔

(۳) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات سالِ انتخاب کے دسمبر کے دوسرے ہفتہ کو منعقد ہوں گے، اور منتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب انتخابات کے فوراً بعد جنوری کے پہلے سرکاری کام کے دن منعقد کی جائے گی۔

۵۶۔ج۔ **سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات۔** (۱) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے منتخب نمائندگان کی مدتِ عہدہ ایک سال ہوگی۔

(۲) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے لیے انتخابی مہم سالِ انتخاب کی یکم ستمبر سے پہلے شروع نہیں کی جائے گی۔

(۳) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات سالِ انتخاب کے اکتوبر کے دوسرے ہفتہ کو منعقد ہوں گے، اور منتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب انتخابات کے فوراً بعد نومبر کے پہلے سرکاری کام کے دن منعقد کی جائے گی۔"

## بیان اغراض ووجوہ

وکلاء کا پیشہ نظامِ عدل کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اور اس کے نمائندہ ادارے یعنی بار ایسوسی ایشنز قانون کی حکمرانی کے تحفظ، عدلیہ کی آزادی کی پاسداری، اور قانونی برادری میں جمہوری اقدار کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ بار ایسوسی ایشنز کے مختلف درجات پر انتخابی عمل میں شفافیت، یکسانیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ان کے انتخابات کے وقت، مدتِ عہدہ اور طریقہ کار سے متعلق واضح اور معیاری قانونی فریم ورک مرتب کیا جائے۔

یہ قانون سازی تحصیل بار ایسوسی ایشنز، ضلعی بار ایسوسی ایشنز، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشنز اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے لیے انتخابی نظام الاوقات کو مربوط بنانے کی غرض سے کی جارہی ہے، تاکہ یہ ان کے عملی تقاضوں اور تاریخی روایات سے ہم آہنگ ہوں۔ تجویز کردہ دفعات ۵۶۔الف، ۵۶۔ب، اور ۵۶۔ج درج ذیل مقاصد کے لیے وضع کی گئی ہیں:

۱۔ یقین اور توقع کے مطابق بنانا : مدتِ عہدہ، انتخابی مہم کے آغاز، انتخابات کے انعقاد، اور حلف برداری کی تقریبات کے لیے مقررہ تواریخ متعین کر کے یہ دفعات ہر بار ایسوسی ایشن میں قیادت کی متوقع اور باقاعدہ تبدیلی کو یقینی بناتی ہیں۔

۲۔ قانونی اداروں میں جمہوری طرزِ حکمرانی کا فروغ : باقاعدہ انتخابات اور مقررہ مدتِ عہدہ سے جمہوری طرزِ عمل کو فروغ ملے گا، قانونی برادری کی قیادت میں وسیع تر شمولیت کی حوصلہ افزائی ہوگی، اور عہدوں کی اجارہ داری کو روکا جاسکے گا۔

۳۔ ادارہ جاتی کارکردگی اور استحکام میں بہتری : تمام درجات کی بار ایسوسی ایشنز کے لیے یکساں انتخابی نظام الاوقات کی موجودگی سے منصوبہ بندی میں ہم آہنگی، بار کونسلز کے مابین بہتر رابطہ، اور انتخابی عمل سے متعلق تنازعات یا ابہام میں کمی ممکن ہوگی۔

۴۔ ہر بار ایسوسی ایشن کے انفرادی تشخص کا تحفظ : اگرچہ مجوزہ دفعات انتخابی نظام کے اہم مراحل کو معیاری بناتی ہیں، تاہم یہ ہر بار ایسوسی ایشن کی مخصوص عملی حدود کو تسلیم کرتی ہیں، جیسے کہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی روایتی طور پر رائج ایک سالہ مدتِ عہدہ۔

ان دفعات کا نفاذ نہ صرف قانونی نمائندہ اداروں کے اندرونی جمہوری ڈھانچے کو مضبوط کرے گا بلکہ اس سے قانونی پیشے پر عوامی اعتماد بھی بحال ہوگا، کیونکہ اس سے یہ یقین دہانی ہوگی کہ قیادت کا انتخاب شفاف، بروقت اور قابلِ احتساب طریقے سے کیا گیا ہے۔ مزید برآں، یہ تمام شراکت داروں بشمول وکلاء، عدالتوں اور فریقین مقدمہ کا وقت اور وسائل بچانے کے لیے بھی ضروری ہے۔

یہ بل مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے پیش کیا جارہا ہے۔

دستخط/۔
جناب ریاض فتیانہ
رکن، قومی اسمبلی